اشتہار نیلام عام برائے 30 سالہ لیز/ترقیاتی منصوبہ متروکہ وقف جائیداد

متروکہ وقف املاک بورڈ حکومت پاکستان اپنی درج ذیل متروکہ وقف جائیداد "جیسے ہے جہاں ہے" کی بنیاد پر متروکہ وقف املاک سکیم 1977 کی شق 7 جو کہ شق C-18 کے ساتھ پڑھی جائے کے تحت تجارتی/رہائشی مقاصد کیلئے عرصہ 30 سال (قابل توسیع بر متفقہ شرائط وضوابط مابین فریقین) بذریعہ نیلام عام دینا چاہتا ہے۔

شیڈول نیلام عام۔

تاریخ نیلام عام۔	15-07-2024
بمقام۔	دفتر زونل ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک (حلقہ شمالی) بمقام NA-272-A نیو ملپور، سیونتھ روڈ، سٹلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی
نوٹ:۔ درج بالا تاریخ پر بولی نہ دارد ہونے کی صورت میں متبادل تاریخ ہائے:۔	22-07-024، 29-07-2024 اور 22-08-2024

تفصیل اربن جائیداد ہائے:۔

سیریل نمبر	جائیداد نمبر	کنال	مرلے	مربع فٹ	واقع	کم از کم فی مربع فٹ ماہانہ کرایہ بعد از تکمیل تعمیرات	عبوری ماہانہ کرایہ تا تکمیل ترقیاتی منصوبہ	ناقابل واپسی زرضمانت
01	جائیداد نمبر U-1442	00	18	251	مکہ کلاتھ مارکیٹ، راجہ بازار راولپنڈی	گراؤنڈ فلور مبلغ -/20 روپے فی مربع فٹ فرسٹ فلور مبلغ -/15 روپے فی مربع فٹ سیکنڈ فلور مبلغ -/10 روپے فی مربع فٹ تھرڈ فلور مبلغ -/06 روپے فی مربع فٹ دیگر منازل کیلئے مبلغ -/06 روپے فی مربع فٹ	-/100,000 روپے	-/15,200,000 روپے

نیلام عام میں حصہ لینے والے اشخاص کی ابتدائی اہلیت۔

1- قومی ٹیکس نمبر (Active) 2- نادرا کا جاری کردہ شناختی کارڈ 3- سند بابت ادائیگی ٹیکس 4- سند بابت غیر باقیدار متروکہ وقف املاک بورڈ 5- بینک سٹیٹمنٹ ایک سال

شرائط وضوابط:۔

1)- ہر عاقل وبالغ پاکستانی ماسوائے محکمہ ہذا کے باقی دار اور سرکاری ملازم نیلام عام میں شرکت کر سکتا ہے۔

2)- نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند حضرات/پارٹی کیلئے ابتدائی اہلیت کی دستاویزات زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کروانا لازمی ہے ناکامی کی صورت میں نیلام عام میں شرکت کی اجازت نہ ہو گی۔ نیلام عام سے ایک دن قبل مقررہ نیلام کمیٹی نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند اشخاص/پارٹی کے تمام داخل کردہ کاغذات/بینک سٹیٹمنٹ وغیرہ کا بغور جائزہ لے گی اور نیلام عام سے قبل نیلام عام میں شرکت کے اہل افراد/فرد/پارٹی کے بارے میں اپنی حتمی سفارشات عیاں کریگی۔ پہلے سے منظور کردہ کاغذات کے حامل شخص/پارٹی کے کاغذات کا بعد ازاں ہونے والے نیلام عام پر جائزہ نہیں لیا جائیگا تاہم نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند حضرات مزید دستاویزات جمع کروا سکتے ہیں۔ نااہل افراد/فرد/پارٹی کو نیلام عام میں شرکت کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی۔

3)- نیلام عام میں شرکت کے خواہشمند حضرات/پارٹی ابتدائی اہلیت کے کاغذات کے ہمراہ نیلام سے تین دن قبل نائب منتظم متروکہ وقف املاک راولپنڈی کے نام طے شدہ ناقابل واپسی زرضمانت کا 10 فیصد بطور ڈرافٹ اور جو کہ بعد از کاروائی نیلام عام اندر چار ہفتے یا منظوری کاروائی نیلام عام جو پہلے ہو تمام جمع کنندگان کو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے واپس کردیئے جائینگے۔

4)- کامیاب بولی دہندہ سب سے زیادہ ناقابل واپسی زرضمانت کی بنیاد پر قرار پائے گا۔

5)- کامیاب بولی دہندہ بقایا رقم ناقابل واپسی زرضمانت کا 25% کاروائی نیلام عام کے خاتمے پر اور اندر دو یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ عدم ادائیگی کیصورت میں جمع کرائی گئی کل رقم بطور بنک ڈرافٹ بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی اور کاروائی نیلام عام اگلی مقررہ تاریخ پر کی جائے گی۔

6)- کارروائی نیلام عام کے نتائج بطور مجاز اتھارٹی کے سامنے منظوری کیلئے پیش کئے جائیں گے، جن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ بغیر وجہ بتائے نیلام عام کی کارروائی کو منظور یا مسترد کردیں۔ اس بابت نیلام عام میں شامل افراد کو تحریری طور پر آگاہ کیا جائیگا۔

7)- کامیاب بولی دہندہ بقایا رقم زرضمانت بعد از منظوری مجاز اتھارٹی اندر دس یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا عدم ادائیگی کی صورت میں جمع کروائی گئی بقایا رقم بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔

8)- کارروائی نیلام عام کے نتائج کی مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری کے بعد مجوزہ ڈویلپر کو تعمیراتی تکمیل کیلئے 06 ماہ کا وقت دیا جائیگا۔ بعد ازاں کوئی اضافہ نہ ہوگا۔

9)- بعد از دورانیہ تکمیل تعمیرات 06 ماہ اندراج کرایہ داران کا وقت دیا جائیگا۔ بعد ازاں کوئی اضافہ نہ ہوگا۔

10)- نیلام میں سب سے زیادہ دی گئی بولی پر موجودہ قابض کو حق اولین دیا جائیگا کہ وہ پیش کردہ زیادہ بولی کی رقم داخل خزانہ کروانے کی تجویز قبول کرے، آفر قبول نہ کرنے کی صورت میں نیلام عام میں سب سے زیادہ بولی دہندہ سے NRS اور قیمت ملبہ وصول کیا جائیگا۔

11)- ڈویلپر اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے مابین حسب ضابطہ رائج/مجوزہ مسودہ کی بنیاد پر لیز ایگریمنٹ دستخط ہوگا۔

12)- عبوری ماہوار کرایہ بعد از ایگریمنٹ تعمیراتی دورانیہ میں لاگو ہو جائیگا اور اندراج کرایہ داران کی مدت 06 ماہ ہوگی۔

13)- طے شدہ دورانیہ اندراج کرایہ داران (Induction Period) کے بعد خواہ تعمیر مکمل ہو یا نہیں، فی مربع فٹ کرایہ بعد از اختتام مدت اندراج کرایہ داران سے لاگو ہو جائیگا۔ اس بابت

کوئی توسیع نہ کی جائیگی۔ اگر ڈویلپر فی مربع فٹ ماہوار کرایہ بمطابق لیز ایگریمنٹ محکمہ ہذا کو ادا نہیں کرتا تو لیز ایگریمنٹ منسوخ کر دیا جائیگا اور تمام جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔

14)۔ڈویلپر اپنے ماتحت کرایہ داران کا اندراج کر سکتا ہے اور ڈویلپر /پٹہ دار/Lessee اور کرایہ داران کلی طور پر کرایہ داخل خزانہ کروانے کے ذمہ دار ہونگے۔

15)۔مزید معلومات دفتری اوقات کار میں زیر دستخطی سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

16)۔اخبار اشتہار متروکہ وقف املاک بورڈ کی باضابطہ ویب سائٹ www.etpb.gov.pk پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

المشتہر:۔

(خالد حمید)
اسسٹنٹ ایڈمنسٹریٹر
متروکہ وقف املاک دفتر راولپنڈی
فون نمبر:۔051-9290541